# ٹیچرز گائیڈ

تحریر: سمیع مصطفیٰ

تیسری جماعت کے لئے

# رات میں روشنی

(ماخوذ)



تصویریں: مہرین زبیری

| | |
|---|---|
| ٹیچر کیلئے نوٹ | انسان کی زندگی میں بعض چیزیں اس طرح موجود ہوتی ہیں کہ وہ ان کی ابتداء یا ایجاد کے بارے میں سوچتا بھی نہیں ہے۔ اسی طرح ہم آتے جاتے مختلف چیزیں دیکھتے ہیں مگر اسے روز مرہ کے معمول کی طرح اہمیت نہیں دیتے۔ ٹیچرز گائیڈ ''رات میں روشنی'' کے ذریعے نہ صرف روشنی کی ایجاد کے متعلق باتیں بتائی گئی ہیں بلکہ ہمارے قوت مشاہدہ پر بھی کام کروایا ہے۔<br>یہ گائیڈ تیسری جماعت کے بچوں کو مدنظر رکھ کرلکھی گئی ہے۔ ٹیچر چاہیں تو بچوں کے معیار کے مطابق اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہوگا۔ |

## سیشن 1

| | |
|---|---|
| 5 منٹ | ٹیچر بچوں کو کتاب دکھائیں ۔ اس کے اندر کی تصویریں دکھائیں اور پوچھیں کہ ان کو تصویریں کیسی لگیں۔ |
| 15 منٹ | • ٹیچر کتاب آہستہ آہستہ بچوں کو پڑھ کر سنائیں۔ پھر چند بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری کتاب پڑھیں۔ جب بچے پڑھیں تو ان کی حوصلہ افزائی کریں اور تعریف کریں۔ |
| 15 منٹ | • پھر بچوں سے بات چیت کریں۔ ان کو بتائیں کہ دنیا میں پہلے رات کو اندھیرا ہی اندھیرا ہوتا تھا۔ سورج غروب ہوتے ہی سب لوگ سوجایا کرتے تھے۔ پھر کسی نے ایک دن دو پتھروں کو زور سے رگڑا تو اس سے چنگاری نکلی۔ یوں آگ کی ایجاد ہوئی۔<br>• بچوں سے پوچھیں کہ کیا کبھی انہوں نے رات کے وقت دو پتھروں کو رگڑ کر آگ کی چنگاری دیکھنے کی کوشش کی ہے۔<br>• اگر کسی بچے نے کی ہے تو ان کو بات کرنے کا موقع دیں اور باقی بچوں سے کہیں کہ وہ بھی کسی وقت دو پتھروں کو رگڑ کر آگ کی چنگاری دیکھنے کی کوشش کریں۔<br>• جب آگ ایجاد ہوئی تو لکڑی جلاکر رات کو روشنی ہونے لگی۔ اس دور سے گزر کر پھر |

انسان نے کوئلہ نکالا اور اس سے آگ جلائی۔

- پھر مٹی کے تیل کو جلاکر لال ٹین اور دوسری طرح کی شمع جلائی اور رات میں روشنی اور بڑھ گئی اور ہر گھر اور دکان اور فیکٹریوں میں رات کو روشنی ہونے لگی۔
- تھامس ایڈیسن نے اٹھارویں صدی عیسوی میں بجلی ایجاد کی۔ پھر تو اجالا ہی اجالا ہوگیا اور ہر طرف بجلی ہی بجلی تھی۔
- مگر آپ کو پتہ ہے کہ آج بھی دنیا کے بہت سارے حصوں میں اور پاکستان کے بہت سارے گاؤں میں بجلی نہیں ہے اور لوگ مٹی کا تیل یا لال ٹین جلاکر رات کو اپنی زندگی گزارتے ہیں۔
- کیا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ اگر آج ہم سے بجلی واپس لے لی جائے تو ہماری زندگی کتنی مشکل ہوجائے گی۔
- بچوں کو اپنی بات کرنے کا موقع دیں۔

10 منٹ

- اگر وقت بچ جائے تو بچوں سے کہیں کہ ہم پتہ کریں گے کہ ہمیں روشنی کن کن چیزوں سے حاصل ہوتی ہے۔ ٹیچر ان ذرائع کو بورڈ پر لکھتی جائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ بھی اپنی اپنی کاپیوں میں لکھیں ۔ کوشش کریں کہ بچے خود ہی روشنی کے ذرائع کے بارے میں بتائیں۔ اگر نہ بتاسکیں تو ٹیچر بتادیں۔ (مثلاً موم بتی، ٹارچ ، لال ٹین، آئل لیمپ، گیس پیٹرومیکس اور سیل وغیرہ)

گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب رات میں روشنی گھر سے دھیان سے پڑھ کر آئیں۔ اگلے دن ان کا املا لیا جائے گا۔
- ٹیچر اپنے ساتھ 4 بیٹری سیل، ایک بجلی کا لمبا تار اور ایک ٹارچ کا بلب لے کر آئیں۔

## سیشن 2

15 منٹ

- ٹیچر بچوں کو اپنی میز کے گرد جمع کریں اور ان سے کہیں کہ آج وہ ایک چھوٹا سا تجربہ کریں گی۔ بچوں سے کہیں کہ وہ سب خاموشی سے کھڑے ہوں اور اس تجربہ کو غور سے دیکھیں۔
- ٹیچر بیٹری سیل کے ایک حصے میں تار کا ایک سرا لگائیں اور دوسرے سرے کو بلب سے چھوکر سیل کے دوسرے سرے پر لگائیں۔ اس طرح بلب جلے گا۔ اب یہی تجربہ 2 یا 3 سیل اکٹھا کرکے کریں تو بلب کی روشنی زیادہ تیز ہوجائے گی ۔ پھر 6-5 بچوں سے جو کلاس میں عموما شرماتے ہیں بلائیں اور ان سے یہ تجربہ باری باری کرنے کو کہیں۔

30 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اب املا ہوگا۔سب بچے اپنی اپنی کاپیاں کھول لیں۔
- ٹیچر کتاب میں سے 15الفاظ کا املا کرائیں کچھ مشکل الفاظ ہوں کچھ آسان (اس طرح جو کمزور بچے ہیں یا جن کو اردو کا شوق نہیں ہے وہ بھی جب صحیح املا کرتے ہیں تو ان کی ہمت افزائی ہوتی ہے اور ان میں آگے کام کرنے کا شوق ہوتا ہے)۔
- جب املا ہوجائے تو جن الفاظ کا املا دیا ہے ان کو بورڈ پر صاف صاف لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اصلاح خود کریں اور کرنے کے بعد اپنے آپ کو نمبر بھی خود دیں۔ پھر ان سے پوچھیں کہ کس بچے نے ایک بھی غلطی نہیں کی۔اس بچے کو شاباشی دیں۔ پھر باری باری مختلف بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے کتنے صحیح اور کتنے غلط الفاظ لکھے۔

گھر کا کام

- غلط لکھے گئے الفاظ کو بچے تین تین دفعہ اصلاح کے ساتھ لکھ کر لائیں۔

## سیشن 3

45 منٹ

- آج بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کاپیاں کھولیں۔ کاپی کے صفحہ کے درمیان ایک لائن

بنائیں۔ پھر بچوں سے باری باری پوچھیں کہ کتاب میں کن کن چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ مثلا عمارت، سڑک، ایمبولینس، سمندر، پل وغیرہ وغیرہ۔ بچے یہ سارے الفاظ صفحہ کے دائیں جانب لکھتے جائیں۔ جب لکھ چکیں تو ہر بچے سے باری باری اس لفظ کی انگریزی پوچھیں اور صفحہ کے بائیں طرف اس لفظ کا انگریزی لفظ لکھتے جائیں۔ (building, road ambulance, sea, bridge etc) اگر وقت بچ جائے تو بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری بتائیں کہ اس کتاب میں انہیں کون کون سے رنگ نظر آرہے ہیں۔ ہر بچے کو باری باری بولنے کا موقع دیں۔ جو بچے رہ جائیں ان سے کہیں کہ وہ ان رنگوں کے انگریزی میں نام بتائیں۔

## سیشن 4

10 منٹ

- آج ٹیچر کلاس میں جن بچوں کو پہلے پڑھنے کا موقع نہیں ملا تھا ان کو پڑھائی کرنے کا موقع دیں۔ اگر پڑھائی کرنے میں کوئی الفاظ مشکل لگیں تو ایسے بچوں کی مدد ضرور کریں۔

10 منٹ

- اب بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کس کو پتہ ہے کہ لائٹ ہاؤس کیا ہوتا ہے۔ کچھ بچے جواب دیں گے۔
- ان سے مزید پوچھیں کہ لائٹ ہاؤس کا قیام کیسے آیا۔
- اگر بچوں کو نہ معلوم ہو تو ان کو بتایئے کہ پرانے زمانے میں جب ریل گاڑی اور ہوائی جہاز ایجاد نہیں ہوئے تھے تو اس وقت دور دراز کا سفر اور مال برداری صرف پانی کے جہاز سے کی جاتی تھی۔
- آج بھی ہوائی جہاز، ریل گاڑی اور ٹرکوں کے ہونے کے باوجود بڑے اور بھاری سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پانی کے جہاز سے ہی لایا جاتا ہے۔
- لائٹ ہاؤس کی اہمیت یہ ہے کہ انہیں اس لئے بنایا گیا تھا کہ رات کو جہاز اپنا راستہ پہچان سکیں۔

- بچوں سے یہ بھی کہیں کہ اگر انہوں نے منوڑا کا لائٹ ہاؤس نہیں دیکھا تو ضرور جاکر دیکھیں۔

ٹیچر کیلئے نوٹ

- اسکول ایڈمنسٹریشن سے ٹیچر بات کرکے بچوں کو study trip پر منوڑا ضرور لے جائیں۔

25 منٹ

- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کاپیاں کھولیں اور ایمبولینس کے حوالے سے کوئی واقعہ یا اس پر کوئی مضمون تقریبا 50 الفاظ کا لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ مضمون لکھتے وقت اگر کوئی لفظ مشکل لگے تو وہ ٹیچر سے پوچھ لیں۔
- جب سب بچے مضمون لکھ لیں تو ٹیچر سب کی کاپیوں پر دستخط کردیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ کاپیاں گھر لے جائیں اور اپنے ابو یا امی سے کہیں کہ وہ ان کے مضمون کی اصلاح کریں۔
- جو لفظ غلط لکھے ہوں ان کو بچے گھر پر تین تین بار لکھ کر اگلے دن کلاس میں لائیں۔

## سیشن 5

30 منٹ

- آج بچوں سے پوچھیں کہ روشنی کی ضد کیا ہے۔
- بچوں کو یہ بھی تاکید کریں کہ ہر بچے کو ایک ساتھ بولنے کی اجازت نہیں ہے۔ جس کو جواب دینا ہو وہ ہاتھ اونچا کرے اور صرف ٹیچر کی اجازت پر جواب دے۔
- شاید کوئی بچہ کہے گا کہ روشنی کی ضد اندھیرا ہے۔
- اگر کوئی نہ کہہ سکے تو ٹیچر خود ان کو بتائیں۔ پھر بچوں سے آج الفاظ کی ضد کروائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ لفظ اور اس کی ضد کاپی میں لکھتے جائیں۔
- ایک بچے سے ایک لفظ پوچھیں اور دوسرے بچے سے اس کی ضد۔
- اس طرح سے تقریبا 20 الفاظ اور ان کی 20 ضد بچوں سے پوچھیں اور ان سے کہیں کہ وہ

اپنی اپنی کاپیوں میں لکھتے جائیں۔

- یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ الفاظ صرف کتاب ہی سے ہوں۔ الفاظ کتاب کے علاوہ بھی ہوسکتے ہیں۔

10 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ ہمیں دنیا میں سب سے زیادہ اور مفت روشنی کہاں سے ملتی ہے۔ شاید بچے کہیں گے سورج سے۔
- اگر بچے جواب نہ دے پائیں تو ٹیچر ان کو بتائیں پھر ان سے پوچھیں کہ سورج میں روشنی کہاں سے آتی ہے۔ ٹیچرز نوٹ کریں کہ ''سورج آگ کا ایک گولا ہے''۔
- سورج کی روشنی کے فائدے کیا کیا ہیں (اس سے درخت پھول پودے پھل سبزیاں نشونما پاتی ہیں۔ انسان کو نشونما ملتی ہے وغیرہ وغیرہ)
- پھر بچوں سے پوچھیں کہ چاند کی روشنی کہاں سے آتی ہے۔
- اگر ان کو معلوم نہ ہو تو ان کو بتائیں کہ چاند کی روشنی دراصل سورج کی روشنی ہوتی ہے جو چاند سے ٹکرا کر ہم تک رات کو پہنچتی ہے۔

5 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ وہ گھر کے کام کیلئے اپنے گھر میں جاکر ایک کاغذ پر فہرست بنائیں کہ ان کے یہاں بتیاں کتنی ہیں اور پنکھے کتنے ہیں۔
- اگر گھر میں گیس کا لیمپ استعمال ہوتا ہے یا مٹی کے تیل کا تو وہ بھی اپنی کاپی پر نوٹ کریں اور اگلے دن بتی پنکھے کی فہرست لکھ کر کلاس میں لائیں۔

## سیشن 6

10 منٹ

- بچوں کے کام کی کاپی چیک کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- ان کو بتائیں کہ روشنی ہماری زندگی کا ایک بہت اہم حصہ ہے اور اس کو احتیاط سے استعمال

کرنا چاہیئے۔

- پھر چند بچوں سے باری باری پوچھیں کہ کیا وہ اپنے گھر پر بجلی ضائع کرتے ہیں۔ یعنی بجلی جلتی چھوڑ دی یا پنکھا لاپرواہی میں چلتا چھوڑ دیا اور تاکید کریں کہ ایسا نہ کیا کریں۔

25 منٹ

- پھر بچوں کو دو گروپ میں تقسیم کریں ایک گروپ شہر میں روشنی پر اور دوسرا گروپ گاؤں میں روشنی پر الفاظ لکھے۔ پہلے گاؤں میں روشنی کے گروپ سے 10-1 بچوں کو باری باری بلائیں اور پوچھیں کہ گاؤں میں روشنی کہاں کہاں نظر آتی ہے۔ پہلے بچے خود بتائیں اور اگر نہ بتاسکیں تو ٹیچر ان کی مدد کریں کہ چاند ستاروں کی روشنی' دیئے کی روشنی' لالٹین کی روشنی' آگ یا الاؤ کی روشنی' ٹارچ لائٹ کی روشنی وغیرہ۔ اسی طرح دوسرے گروپ سے شہر کی روشنی کے بارے میں پوچھیں مثلاً گھروں میں بجلی کے بلب کی روشنی' گاڑیوں کی روشنی' سڑکوں پر روشنی اشتہار کی روشنی' دکانوں کی روشنی وغیرہ وغیرہ اور ان کو بچے خود ہی بورڈ پر لکھتے جائیں۔

10 منٹ

- کلاس ختم کرنے سے پہلے بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کتاب رات میں روشنی کیسی لگی۔ اگر اچھی نہیں لگی تو کیوں اور اگر اچھی لگی تو اس کی کونسی باتیں یا تصویریں اچھی لگیں۔

# رات میں روشنی

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

@bookgrouppk @urdubooksforchildren @bookgroupstories